SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 9, 2026

# Stock Market Investor Accounts Record Historic 48% Growth

**ISLAMABAD, July 9:** Pakistan's capital market achieved a historic milestone during Financial Year 2025-26, as stock market investor accounts increased by 48%, the highest-ever annual growth recorded in the country's capital market. The number of stock market investors increased from 392,775 on July 1, 2025, to 583,052 as of June 30, 2026, with the addition of 190,277 new investors. The growth reflects increasing public confidence, improved market access and rising interest in investment opportunities.

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), in collaboration with Capital Market Infrastructure Institutions (CMIIs) including the National Clearing Company of Pakistan (NCCPL), Central Depository Company (CDC) and Pakistan Stock Exchange (PSX), introduced several reforms to make account opening easier and promote financial inclusion. Key reforms include increasing the Sahulat Account limit from Rs. 1 million to Rs. 3 million, removing duplicate requirements for investors opening accounts through banks, digital banks and Electronic Money Institutions (EMIs), introducing IBAN-based verification, and launching Minor Trading Accounts that enable individuals below 18 years of age to invest through their guardians.

During the year, Karachi recorded the highest share of new investor accounts at 25%, followed by Lahore (16%), Islamabad and Rawalpindi (13%), Faisalabad (4%) and Multan (3%), showing increasing participation from major cities across Pakistan. Young investors played a significant role in this growth, with 45% of new UINs registered by individuals aged 18 to 30 years during January–June 2026. Investors aged 31 to 45 years contributed another 41% of new accounts, highlighting growing participation of young and working-age investors in the capital market.

SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu said that increasing retail participation, particularly among young investors, is a key priority for SECP. He said the Commission, together with market institutions, is introducing technology-driven solutions, including a mobile application for digital onboarding, to make investing simpler, faster and more accessible. "Pakistan's capital market can play an important role in economic growth by channeling savings into productive investments. Our focus is to simplify access, strengthen investor confidence and encourage more citizens, especially youth, to participate in wealth creation and the country's economic development," Dr. Sidhu said.

SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 9, 2026

# اسٹاک مارکیٹ سرمایہ کاروں کی تعداد میں تاریخی 48 فیصد اضافہ

اسلام آباد، 9 جولائی: پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں مالی سال 2025-26 کے دوران سرمایہ کاروں کی شمولیت میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جہاں اسٹاک مارکیٹ اکاؤنٹس کی تعداد میں 48 فیصد اضافہ ہوا جو ملک کی کیپٹل مارکیٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ سالانہ اضافہ ہے۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے مطابق اسٹاک مارکیٹ سرمایہ کاروں کی تعداد یکم جولائی 2025 کو 3 لاکھ 92 ہزار 775 تھی جو 30 جون 2026 تک بڑھ کر 5 لاکھ 83 ہزار 52 ہو گئی۔ مالی سال کے دوران ایک لاکھ 90 ہزار سے زائد نئے سرمایہ کار کیپٹل مارکیٹ کا حصہ بنے۔

ایس ای سی پی نے کیپٹل مارکیٹ انفراسٹرکچر اداروں، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان (این سی سی پی ایل)، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کے تعاون سے سرمایہ کاروں کے لیے اکاؤنٹ کھولنے کے عمل کو آسان بنانے اور مالی شمولیت کے فروغ کے لیے متعدد اصلاحات متعارف کروائیں۔

ان اقدامات میں سہولت اکاؤنٹ کی حد 10 لاکھ روپے سے بڑھا کر 30 لاکھ روپے کرنا، بینکوں، ڈیجیٹل بینکوں اور الیکٹرانک منی انسٹی ٹیوشنز کے ذریعے اکاؤنٹ کھولنے کے عمل میں غیر ضروری مراحل کا خاتمہ، آئی بی اے این کے ذریعے تصدیق کی سہولت اور 18 سال سے کم عمر افراد کے لیے سرپرست کے ذریعے مائنر ٹریڈنگ اکاؤنٹس کا اجرا شامل ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق کراچی نئے سرمایہ کار اکاؤنٹس میں 25 فیصد کے ساتھ سرفہرست رہا، جبکہ لاہور کا حصہ 16 فیصد، اسلام آباد اور راولپنڈی کا مجموعی حصہ 13 فیصد، فیصل آباد کا 4 فیصد اور ملتان کا حصہ 3 فیصد رہا۔

نوجوان سرمایہ کاروں کی شمولیت اس اضافے کا اہم پہلو رہی۔ جنوری سے جون 2026 کے دوران نئے رجسٹرڈ سرمایہ کاروں میں 45 فیصد کی عمر 18 سے 30 سال جبکہ 41 فیصد سرمایہ کاروں کی عمر 31 سے 45 سال کے درمیان تھی، جو نوجوان اور ورکنگ ایج افراد کی سرمایہ کاری میں بڑھتی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔

چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ، خاص طور پر نوجوانوں کو کیپٹل مارکیٹ سے منسلک کرنا ایس ای سی پی کی اہم ترجیح ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایس ای سی پی مارکیٹ اداروں کے ساتھ مل کر ڈیجیٹل سہولیات کو فروغ دے رہا ہے اور جلد موبائل ایپ کے ذریعے سرمایہ کاروں کے لیے ڈیجیٹل آن بورڈنگ کو مزید آسان بنایا جائے گا۔ ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ عوام کی بچت کو پیداواری سرمایہ کاری میں تبدیل کر کے معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ ایس ای سی پی کا مقصد سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانا، سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانا اور زیادہ سے زیادہ شہریوں خصوصاً نوجوانوں کو ملک کی معاشی ترقی میں شامل کرنا ہے۔